India-Italy Virtual Summit

November 06, 2020

ہندوستان- اٹلی کے مابین ورچوئل سمٹ

06 نومبر، 2020

وزیر اعظم جناب نریندر مودی اور اٹلی کے وزیر اعظم پروفیسر جیوسپی کونٹے کے مابین 6 نومبر 2020 کو ورچوئل طور پر ایک باہمی اجلاس کا انعقاد کیا گیا۔

وزیر اعظم مودی نے پروفیسر جوسیپی کونٹے کے 2018 کے دورہ ہندوستان کا تذکرہ کیا اور حالیہ دور میں ہندوستان - اٹلی کے تعلقات میں تیزی سے بڑھوتری کو سراہا۔ وزیر اعظم پروفیسر کونٹے نے وزیر اعظم مودی کو حالات سازگار ہونے پر اٹلی کا دورہ کرنے کی دعوت دی۔

اس سمٹ نے دونوں رہنماؤں کو باہمی تعلقات کے وسیع فریم ورک کا جامع جائزہ لینے کا موقع فراہم کیا۔ دونوں رہنماؤں نے مشترکہ عالمی چیلنجوں بشمول کوڈ 19 وبائی مرض کے خلاف تعاون کو مضبوط بنانے کے اپنے عزم کی تاکید کی۔

رہنماؤں نے سیاسی، معاشی، سائنسی اور تکنیکی، خلائی اور دفاعی تعاون سمیت مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا۔ علاقائی اور بین الاقوامی امور کے تناظر میں دونوں فریقین نے کثیر الجہتی فورم بالخصوص جی-20 پر قریبی رابطہ قائم کرنے پر اتفاق کیا۔ اٹلی دسمبر 2021 میں جی-20 کی صدارت سنبھالے گا، اس کے بعد 2022 میں ہندوستان اس کی صدارت سنبھالے گا۔ ہندوستان اور اٹلی دسمبر 2020 سے جی 20 ٹروئکا کا حصہ ہوں گے۔ توثیق کا عمل مکمل ہوتے ہی ہندوستان نے اٹلی کے آئی ایس اے میں شامل ہونے کے فیصلے کا خیرمقدم کیا ہے۔

اس سمٹ کے موقع پر توانائی، ماہی گیری، جہاز سازی، ڈیزائن وغیرہ جیسے مختلف شعبوں میں 15 مفاہمت ناموں / معاہدوں پر دستخط کئے گئے۔

نئی دہلی

06 نومبر، 2020

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.